اردو لازمی | بارہویں کلاس 1st Annual 2024 | وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا | **حصہ معروضی** | کل نمبر = 20

نوٹ: ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

DGK-1-24

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محمد بن قاسم نے اپنا نائب مقرر کیا | (A) احمد بن ہارون | (B) محمد بن ہارون | (C) اسد بن ہارون | (D) ہاشم بن ہارون |
| 2 | آمریت مستحکم ہوگئی تھی | (A) نیلم کی | (B) زمرد کی | (C) یاقوت کی | (D) فیروزے کی |
| 3 | ایوب موجود تھے تو ان کی مثال ............. کی تھی | (A) حسین فطرت | (B) عظیم شخصیت | (C) مشفق ہستی | (D) نعائم فطرت |
| 4 | شبلی نے ادارہ قائم کیا | (A) ندوۃ العلماء | (B) سیرت العلماء | (C) خدمۃ العلماء | (D) آئمۃ العلماء |
| 5 | بزرگانہ لباس پہن کر پیرزادے بن کر آئے | (A) حسد و کینہ | (B) غرور اور خود پسندی | (C) احتیاج و افلاس | (D) تدبیر اور مشورہ |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | میاں بیوی ہنسی خوشی ............. | (A) رہتے ہیں | (B) رہتی ہے | (C) رہتا ہے | (D) رہتی ہیں |
| 7 | جلسے میں عورتیں بھی آئی ہوئی ............. | (A) تھی | (B) تھے | (C) تھا | (D) تھیں |
| 8 | آپ مجھ پر بھروسہ کرسکتے ہیں ............. میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا | (A) لہذا | (B) اگرچہ | (C) جبکہ | (D) کیوں کہ |
| 9 | بچہ اور بچی ............. | (A) آئے | (B) آئی | (C) آئیں | (D) آیا |
| 10 | " مکاتیب غالب " چھپ ............. | (A) گیا ہے | (B) گئے ہیں | (C) گئی ہے | (D) گئیں ہیں |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | خط کی علامت ہے | (A) ! | (B) — | (C) ......... | (D) ۔ |
| 12 | جب کسی جملے میں حیرت یا تعجب کا اظہار کیا جائے تو اس کے آخر میں علامت استعمال ہوتی ہے | (A) ندائیہ | (B) فجائیہ | (C) استفہامیہ | (D) رابطہ |
| 13 | مکمل ٹھہراؤ کی علامت ہے | (A) سکتہ | (B) وقفہ | (C) رابطہ | (D) ختمہ |
| 14 | دودھ میٹھا ہوتا ہے ؛ بچے اسے شوق سے پیتے ہیں ؛ یہ کیلشیم کی کمی پوری کرتا ہے اور ایک اچھی غذا ہے۔ یہ جملہ مثال ہے | (A) سکتہ کی | (B) وقفہ کی | (C) رابطہ کی | (D) ندائیہ کی |
| 15 | سچ ہے : اتفاق میں برکت ہے۔ یہ مثال ہے | (A) سکتہ کی | (B) وقفہ کی | (C) رابطہ کی | (D) تفصیلیہ کی |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجیے 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | بیٹھنا : | (A) وہ گاڑی میں بیٹھی ہے | (B) وہ اپنی قسمت کو رو بیٹھی | (C) اسے گاڑی میں بٹھا دو | (D) بیٹھنا مصدر کو فقرے میں استعمال کرو |
| 17 | پانا : | (A) خبردار کوئی نہ جانے پائے | (B) میں نے اپنی کتاب پالی ہے | (C) کچھ پانے کے لیے کچھ کھونا پڑتا ہے | (D) میں نے ایک پاؤ گوشت خریدا |
| 18 | دینا : | (A) میں نے اسے تمہارا پیغام دیا | (B) وہ اذان دیتا ہے | (C) اسلم گالی نہیں دیتا ہے | (D) مجھے گھر جانے دو |
| 19 | رہنا : | (A) سلامت رہو | (B) وہ دو سال تک کالج جاتا رہا | (C) آپ کہاں رہتے ہو | (D) بے کار رہنا اچھی بات نہیں |
| 20 | ہونا : | (A) تمہیں کیا ہوا ہے | (B) وہ شام کو کہاں ہوتا ہے | (C) کاش ہم وہاں ہوتے | (D) وہ سویا ہوا ہے |



www.taleem360.com

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

ما

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

روپ : پہلا

DGK-1-24

سوال نمبر۲۔(الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۸+۱+۱ = ۱۰

اجڑا سا وہ نگر کہ ہڑپا ہے جس کا نام — اس قریہ شکستہ و شہر خراب سے
عبرت کی اک چھٹانک برآمد نہ ہو سکی — کلچر نکل پڑا ہے منوں کے حساب سے

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے ۳+۳+۳+۱ = ۱۰

شور برپا ہے خانہ دل میں — کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا — جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی
تو شریک سخن نہیں ہے تو کیا — ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

سوال نمبر۳۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے ۱۰+۳+۱+۱ = ۱۵

(الف) اقبال نے آکر اسلامی و مغربی علوم کے غائر مطالعے کے بعد اپنا خاص اسلامی فلسفہ قوم کے سامنے پیش کیا ' جس کا مقصد کامل ترین انسان کی انفرادی و اجتماعی نشوونما ہے۔ اقبال کا خیال ہے کہ انسان اطاعت ضبط نفس اور نیابت الٰہی کی تین منزلیں طے کرتا ہوا خودی کی انتہائی بلندی پر پہنچ سکتا ہے۔ اس ارتقا میں اسے مذہب کی رہنمائی درکار ہے۔

(ب) مولوی نذیر احمد بڑے غیور آدمی تھے۔ سسرال والے خاصے مرفہ الحال تھے ' مگر انہوں نے اسے گوارا نہ کیا کہ سسرال والوں کے ٹکڑوں پر پڑے رہیں۔ جب ان کی شادی ہوئی تو غالباً پندرہ روپے کے ملازم تھے اسی میں الگ ایک کھنڈلا لے کر رہتے تھے۔ میں نے بڑی بوڑھیوں سے سنا ہے کہ ان کے گھر میں صرف ایک ٹوٹی ہوئی جوتی تھی۔ کبھی بیوی ان لیتروں کو ہلکا لیتیں کبھی میاں۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۹+۱ = ۱۰

(i) دستک (ii) ایوب عباسی

سوال نمبر۵۔ مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) سی پیک منصوبہ
(ب) میرا پسندیدہ شاعر
(ج) سیاست میں طلبا کا کردار

سوال نمبر۷۔ گلاب کے پھول کی آپ بیتی تحریر کیجیے ۱۰



D

www.taleem360.com

لازمی — 1st Annual 2024 بارہویں کلاس — وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا — **حصہ معروضی** — کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

DGK-2-24

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محنت پسند خردمند نے دودھ پیا تھا | (A) کمال کا | (B) آرام کا | (C) ہنرمندی کا | (D) امید کا |
| 2 | عمر بن عبدالعزیزؒ کے بیٹے کا نام تھا | (A) عباس | (B) عبدالملک | (C) سلیمان | (D) مسلمہ |
| 3 | چراغ حسن حسرت نے مولانا ظفر علی خان کو پہلی بار دیکھا | (A) لاہور میں | (B) دلی میں | (C) آگرے میں | (D) کلکتے میں |
| 4 | سبق " ہوائی " کی مصنفہ نے اپنے میاں کی کار کا ماڈل بتایا | (A) 1853 ء | (B) 1855 ء | (C) 1857 ء | (D) 1859 ء |
| 5 | مولوی نذیر احمد فارغ التحصیل تھے | (A) دلی کالج سے | (B) علی گڑھ کالج سے | (C) لاہور کالج سے | (D) کلکتہ کالج سے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اگرچہ وہ محنتی ہے .............. لائق نہیں | (A) چناں چہ | (B) لیکن | (C) چوں کہ | (D) جب کہ |
| 7 | لڑکی .............. گاتی ہے | (A) اچھی | (B) اچھے | (C) اچھا | (D) اچھیں |
| 8 | چچا اور بھتیجی لڑ.............. | (A) پڑو | (B) پڑیں | (C) پڑی | (D) پڑے |
| 9 | مال ' دولت ' جائیداد ' کچھ نہ .............. | (A) بچیں | (B) بچے | (C) بچا | (D) بچی |
| 10 | وقت .............. ہوگیا ہے اس لیے ہمیں چلنا چاہیے | (A) چوں کہ | (B) جیسے | (C) کیوں کہ | (D) اگرچہ |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | جملہ معترضہ لکھنے سے پہلے اور بعد علامت آتی ہے | (A) واوین کی | (B) وقفے کی | (C) فجائیہ کی | (D) قوسین کی |
| 12 | وقف خفیف کی علامت ہے | (A) ؛ | (B) : | (C) ؟ | (D) ، |
| 13 | دکھ یا خوشی کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوگی | (A) فجائیہ کی | (B) سوالیہ کی | (C) تفصیلیہ کی | (D) سکتہ کی |
| 14 | رابطہ کا دوسرا نام ہے | (A) نصف وقف | (B) وقف لازم | (C) وقف مطلق | (D) وقف خفیف |
| 15 | قائداعظم نے فرمایا : ..........کام ' کام ' بس کام .......... علامت آئے گی | (A) سکتے کی | (B) سوالیہ کی | (C) واوین کی | (D) ندائیہ کی |

(د) مصادر کی بطور امدادی فعل استعمال کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | لگنا : | (A) میرے تن بدن میں آگ لگی ہے | (B) بچے کو چوٹ لگی ہے | (C) آپ مجھے اچھے لگتے ہیں | (D) اب تو تم سے بھی ڈر لگتا ہے |
| 17 | رکھنا : | (A) میں نے قرض اٹھا رکھا ہے | (B) یہاں پتھر کس نے رکھا ہے ؟ | (C) قلم میز پر رکھ دیں | (D) اپنا خیال رکھنا |
| 18 | اٹھنا : | (A) دل سے دھواں اٹھتا ہے | (B) وہ میرا نام سن کر بھڑک اٹھا | (C) اب یہاں سے اٹھو | (D) تیرا اٹھنا بنتا ہے |
| 19 | جانا : | (A) ہم شہر جاتے ہیں | (B) مجھے گھر جانا ہے | (C) میرا پیغام لے جانا | (D) آپ جاسکتے ہیں |
| 20 | آنا : | (A) کبھی میرے شہر بھی آنا | (B) دکان سے دہی لے آؤ | (C) اب تو آجاؤ | (D) تیرا آنا نہ آنا برابر ہے |



www.taleem360.com

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

روپ : دوسرا

## حصہ انشائیہ

DGK-2-24

**سوال نمبر۲۔** (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۸

"کلرکوں سے آگے بھی افسر ہیں کتنے — جو بے انتہا صاحب غور بھی ہیں
ابھی چند میزوں سے گزری ہے فائل — مقامات آہ و فغاں اور بھی ہیں"

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

آخر کو ہو کے لالہ اگا نوبہار میں — خون شہید عشق نہ زیر زمیں رہا
دی جان ایسے ہوش سے اپنی کہ خلق کو — جینے کا مرے تادم آخر یقیں رہا
یاران گرم رو تو سب آگے نکل گئے — ان سے میں ننگ قافلہ پیچھے کہیں رہا

**سوال نمبر۳۔** سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے نیز مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) شام کو ہم جزیرے کا اولین معائنہ کرنے کار میں گئے۔ ڈھلتے سورج میں بحرا لکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمردی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ تا حد نظر سبزہ ہی سبزہ ' یوں احساس ہوا کہ جزیرے او واہو میں کہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہرا نگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔

(ب) پبلشروں کی حد تک تو ٹھیک ہے کہ افغانستان میں اس نام کی کوئی مخلوق نہیں۔ حکومت کے محکمے اور ادارے سرکاری مطبعوں میں کتابیں چھاپتے ہیں۔ ان کی بھی مکمل تعداد پورے ملک میں پانچ ہے۔ پرائیویٹ پریس کوئی نہیں ہے۔ اول تو ان حالات میں کوئی شخص کچھ لکھنے کا حوصلہ ہی نہیں کرتا ' اگر کوئی مرزا غالب یا فیض احمد فیض پیدا ہو بھی جائے تو از راہ قانون اسے حکومت کو عرضی دینی چاہیئے کہ بندے کی یہ تالیفِ لطیف زیور طبع سے آراستہ کی جائے۔

**سوال نمبر۴۔** درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) ایوب عباسی

**سوال نمبر۵۔** مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

**سوال نمبر۶۔** درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) ہمارا نظام تعلیم

(ب) تعلیم نسواں

(ج) منشیات اور ان کی روک تھام

**سوال نمبر۷۔** اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہو ۱۰

www.taleem360.com